# لاء اینڈ جسٹس کمیشن حکومت پاکستان اسلام آباد کی جانب سے ڈسٹرکٹ لیگل امپاورمنٹ کمیٹیز (کانسٹیٹیوشن اینڈ فنکشنز) رولز 2011 کے تحت "ڈسٹرکٹ لیگل امپاورمنٹ کمیٹی ضلع ہری پور" کا قیام

## مقاصد

ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج / چیئرپرسن کی سربراہی میں ڈپٹی کمشنر، سپرنٹنڈنٹ سنٹرل جیل، صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن اور سول سوسائٹی کے نمائندے پر مشتمل ڈسٹرکٹ لیگل امپاورمنٹ کمیٹی ہری پور "ڈسٹرکٹ لیگل امپاورمنٹ فنڈ" سے لاء کمیشن کی طرف سے جاری کی گئی رقوم سے مالی طور پر کمزور سائلین کو اپنے جائز قانونی حقوق اور مفادات کے تحفظ کے لیے ذیل میں دی گئی مالی اعانت فراہم کرے گی۔

- کمیٹی کے پینل پر موجود وکیل کی خدمات کی فراہمی
- کورٹ فیس ادائیگی کے لیے رقم کا اجراء
- نقولات کے حصول کے لیے رقم کا اجراء
- پراسس فیس کا اجراء
- کسی خاص مقدمہ میں خاص مقصد کے لیے کمیٹی کی صوابدید کے تحت حقدار سائل کے لیے قانونی مدد کی فراہمی

## طریقہ کار

- کوئی بھی حقدار سائل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج / چیئرپرسن کے نام درخواست تحریر کر کے شناختی کارڈ کی نقل یا کسی شناختی دستاویز کی نقل لف کر کے دفتر ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج / چیئرپرسن میں خود یا پہلے سے زیر سماعت مقدمہ کی صورت میں متعلقہ عدالت کے توسط سے یا زیر حراست ملزم ہونے کی صورت میں سپرنٹنڈنٹ سنٹرل جیل کے توسط سے درخواست دائر کرے گا جس میں مذکورہ بالا میں سے درکار قانونی مدد کا ذکر واضح طور پر کیا جائے گا۔

- درخواست موصول ہونے پر کمیٹی ماہانہ یا سپیشل میٹنگ میں اس کا جائزہ لے گی اور سائل کی مالی استعداد کی جانچ پڑتال کے بعد امداد کے اجراء یا عدم اجراء کا فیصلہ کرے گی۔

بحکم ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج / چیئرپرسن
ڈسٹرکٹ لیگل امپاورمنٹ کمیٹی
ڈسٹرکٹ ہری پور